Roll No ____________

S.S.C. (Part-II) A / 2024
(For all Sessions)

اردو لازمی (انشائیہ) — **گروپ - II** Rwp-2-24

وقت: 2:10 گھنٹے — **نمبر: 60**

2- درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اشعار اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (10)

حصہ نظم

(i) میاں شُتر کو مبارک یہ رشتۂ شادی
اسی کو کہتے ہیں اردو میں قیدِ آزادی

(ii) جُھٹ پٹے کا نرم رَو دریا، شفق کا اِضطراب
کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب

(iii) جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے
اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(iv) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

حصہ غزل

(i) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت
جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے

(ii) روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسائیگی سے ملتا ہے

(iii) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنّا بھی نہیں
لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) اس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبال کی باتیں پوچھ پوچھ کر اس کا سر کھپاؤں گا لیکن میں نے بھی عزم کر رکھا ہے کہ میں خود علی بخش سے حضرت علامہ کے بارے میں کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اگر واقعی وہ علی بخش کی زندگی کا ایک جزو ہیں، تو یہ جوہر خود بخود عشق اور مشک کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا۔

(ب) اگر میں موسم کا ذکر کرتا ہوں تو وہ کہتے ہیں: "ہاں! بڑا خراب موسم ہے میرے چھوٹے بچے کو بخار آ گیا۔ منجھلی لڑکی کھانسی میں مبتلا ہے۔ اگر پالیٹکس یا لٹریچر کے متعلق گفتگو شروع کرتا ہوں تو تحسین فوراً معذرت پیش کرتے ہیں کہ بھائی آج کل گھر بھر بیمار ہے مجھے اتنی فرصت کہاں کہ اخبار پڑھوں۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10)

(i) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟
(ii) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟
(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
(iv) عید الفطر پر نظموں میں، شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟
(v) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟
(vi) میر انیس نے نظم کے پہلے بند میں زبان کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟
(vii) نظم کسان میں "جلوۂ قدرت کا شاہد" سے کون مراد ہے؟
(viii) حسرتؔ موہانی کی غزل میں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی کیا وجہ ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (05)

(i) مرزا محمد سعید (ii) اِستنبول

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) محنت کی برکتیں (ii) دہشت گردی (iii) تمباکو نوشی کے نقصانات

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسن اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصّہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطۂ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیر نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

سوالات:-

(i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔
(ii) علامہ اقبالؒ نے اپنی شاعری کے ذریعے ہمیں کیا تلقین کی ہے؟
(iii) علامہ اقبالؒ نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟
(iv) مسلمانوں کے حقوق کے لیے علامہ اقبالؒ نے پنجاب اسمبلی میں کتنا عرصہ جنگ لڑی؟
(v) برصغیر کے مسلمانوں کو الگ خطۂ زمین کے حصول کے لیے کس نے راہ دکھائی؟

R

www.ilmkidunya.com